اعمالِ ناسُوتی
صوفیوں، درویشوں، اور ولیوں کے مخصوص اعمال
مرتب
مولانا حسن الہاشمی (فاضل دارالعلوم دیوبند)
مکتبہ رُوحانی دُنیا دیوبند

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اعمالِ ناسوتی

ولیوں اور درویشوں کے مخصوص اعمال

مُرتّب

مولانا حسن الہاشمی (فاضل دار العلوم دیوبند)

ناشر

مکتبہ روحانی دنیا دیوبند (یوپی)

۲۴۷۵۵۴

نام کتاب : اعمال ناسوتی

نام مؤلف : مولانا حسن الہاشمی

نام خطاط : مولانا نیاز الدین اصلاحی

نام مصحح : جناب عمر فاروق عثمانی صاحب مرحوم

سرورق : دانش عامری

صفحات : ۴۸

قیمت : بیس روپے Rs 20/-

باہتمام : ابوسفیان عمانی

تاریخ اشاعت : ماہ اپریل ۲۰۰۶ء

طابع : کیپٹل آفسیٹ پرنٹرس، دیوبند

ناشر

مکتبہ روحانی دنیا (رجسٹرڈ)

محلہ ابوالمعالی، دیوبند یوپی 247554

Publisher :

MAKTABA ROOHANI DUNYA (Reg.)

Mohalla Abulmali, DEOBAND U.P. 247554

انتساب

اُن بُزرگوں کے نام
جِنھوں نے مِثل شمع جل کر
سارے زمانہ میں اُجالا
کیا۔ اور گھر گھر میں
رُوشنی پھیلائی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست مضامین

طالبِ علمانہ گذارش

اعمالِ ناسوتی، اکابرین کی خاص یادگار ہیں، اللہ ہمارے اکابرین کی قبروں کو نور سے بھردے۔ انھوں نے اپنی مخلصانہ جدوجہد سے اللہ کے بندوں کے لئے جو علمی اور روحانی ذخیرہ جمع کیا تھا۔ وہ آج بھی اللہ کے بندوں کے کام آرہا ہے۔ اور لوگ آج بھی اس علمی اور رُوحانی ذخیرے سے مستفیض ہو رہے ہیں۔

کسی بھی علمی اور روحانی ذخیرے سے استفادہ کرنے کے لئے اپنی نیت کی تطہیر ضروری ہے۔ نیت اگر صاف نہیں ہوگی تو مطلوبہ مقاصد میں کامیابی نہیں ملے گی۔ اس لئے ہم اپنے تمام قارئین سے اس بات کی درخواست اور گذارش کرتے ہیں کہ بزرگوں کے اس ترکے سے فائدہ اٹھاتے وقت خدمتِ خلق کی نیت رکھیں۔ اور اپنے وقت کا ہدیہ واجبی وصول کریں۔ اگر لوٹ مار کا انداز رہے گا تو خدمتِ خلق کا جذبہ پامال ہو جائے گا۔ اور بزرگوں کی امانت میں خیانت کا الزام آجائے گا۔ کیونکہ ہمارے بزرگوں نے اپنے مفادات کو قربان کرکے اللہ کے بندوں کی خدمت کی ہے۔ اُن کے چھوڑے ہوئے سرمائے سے استفادہ کرنے کے لئے ضروری ہے کہ ہم ایک حد میں رہ کر اپنے مفادات کو پُورا کریں۔ تاکہ رحمتِ خداوندی ہماری مددگار رہے اور یہ ایک مسلّم حقیقت ہے کہ اگر اللہ کی رحمتیں عامل پر سایہ فگن نہ ہوں تو اس کو اپنے کسی بھی مقصد میں کامیابی نہیں مل سکتی۔

خادم حسن الہاشمی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اعمالِ ناسُوتی

پہلا عمل سب سے پہلا عمل "آلٓمٓ" کا عمل ہے۔ یہ وہ حروف ہیں جن سے کلام اللہ کی شروعات ہوئی ہے۔ حق تعالیٰ کی آخری کتاب کا سب سے پہلا حرف الف ہے۔ حروفِ مقطعات میں الف اور یٓ کا بہت بڑا درجہ ہے۔ کیونکہ الف حروف تہجّی کا سب سے پہلا اور یٓ حروف تہجّی کا سب سے آخری حرف ہے۔ یہ دونوں حرفِ ندا میں جمع ہو کر اپنی اہمیت ظاہر کرتے ہیں۔ جب انسان اللہ کو پکارتا ہے۔ تو لفظ "یا" کے ساتھ پکارتا ہے۔ لفظ یٓا میں حروف تہجّی کا پہلا اور آخری حرف موجود ہے۔

اکابرین نے فرمایا ہے کہ "آلٓمٓ" کا عمل تمام مادی ضرورتوں اور تمام جسمانی بیماریوں کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور کیسا بھی خطرناک اور مہلک مرض ہو۔ آلٓمٓ کا عامل اس مرض سے مریض کو نجات دلانے میں کامیاب ہو جاتا ہے۔

آلٓمٓ کا عامل بننے کا طریقہ یہ ہے کہ آلٓمٓ عربی رسم الخط میں قدرے موٹا کر کے ایک گتے پر لکھوایا جائے یا سفید کاغذ پر لکھوا کر اس کو گتے پر چسپاں کر دیا جائے۔ پھر اس گتے کو کسی دیوار پر لگا لیا جائے۔ اور تقریباً تین گز کے فاصلے پر دو زانو بیٹھ کر الف، لام، میم پانچ ہزار مرتبہ پڑھے۔

اور لگاتار اسی طرح اس عمل کو ۴۰ دن تک جاری رکھے۔

اس عمل کے دوران کسی بھی طرح کا پرہیز کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ جگہ کی وقت اور تعداد کی پابندی ضروری ہے۔ پاک صاف کپڑوں میں باوضو عمل کرنا بھی شرط کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی طرح کے پرہیز کی اور پابندی کی ضرورت نہیں اگر چالیسؔ دن میں ایک دن بھی ناغہ ہو جائے گا یا جگہ اور تعداد کی پابندی ایک دن بھی برقرار نہیں رہے گی تو عمل بے کار ہو جائے گا۔ اگر ۳۹ دن تک پڑھا اور ایک دن کسی وجہ سے چھوٹ گیا تو ۳۹ دن کی محنت بیکار ہو جائے گی۔ اس لئے اس عمل کی شروعات اس وقت کرے جب ۴۰ دن تک ناغہ ہونے کا اندیشہ نہ ہو۔ البتہ اس عمل کو اگر کرنے کے بعد کسی مجبوری کی وجہ سے چھوڑ دیا جائے تو عامل کی طرف کسی طرح کی رجعت نہیں ہوتی۔ تاہم بغیر کسی عذر کے عمل کو پایۂ تکمیل تک پہنچائے بغیر چھوڑنا کم ہمتی اور نامرادی کی دلیل ہے۔

چالیس دن پورے ہونے کے بعد عامل کی نگاہوں اور زبان میں زبردست تاثیر اور روحانی قوت پیدا ہوگی۔ اس کے بعد اگر عامل کسی مریض کو ۳ منٹ تک نظریں جما کر دیکھ کر دل ہی دل میں الف، لام، میم پڑھ لے گا تو مریض بفضلِ خدا اچھا ہو جائے گا۔ کتنا بھی خطرناک مرض ہو۔ اگر عامل مریض کو ۱۱ دن تک لگاتار جھاڑ دے اور اس پر آلٓمٓ پڑھ کر دم کر دے تو مریض مکمل صحت مند ہو جائے گا۔

جھاڑنے کا طریقہ یہ ہوگا کہ مریض کو بالکل چت لٹا دے اور عامل اپنے چہرے کو مغرب کی طرف کر کے مریض کے گھٹنوں کے پاس بیٹھے

اس کے بعد ۳۰ مرتبہ آلٓمٓ پڑھ کر مریض کے سر سے پیر کی طرف دم کر دے صرف ایک مرتبہ دم کر دینا کافی ہے۔ اس طرح لگاتار ۱۱ دن تک دم کرے۔

اس عمل کی نیاز یہ ہے کہ عامل ۲۷ روپئے روزانہ مریض سے وصول کرے۔ اس میں سے ۱۸ روپے اپنے صرفے میں لائے اور ۹ روپے کسی مجبور کو خیرات کر دے۔ اس سے زیادہ اگر عامل وصول کرے گا تو عمل بیکار ہو جائے گا۔ اور معاہدہ کی خلاف ورزی کی وجہ سے عامل گناہگار ہوگا۔ چلہ کی تکمیل کے بعد عامل اپنے ہاتھ سے مریض کو آلٓمٓ کا نقش لکھ کر دے سکتا ہے۔ ایک نقش گلے میں ڈالنے کے لئے دے اور ایک نقش پینے کے لئے دے۔ گلے میں ڈالنے والا نقش کالی روشنائی سے لکھے اور پینے والا نقش گلاب و زعفران سے لکھے۔ اور اس نقش کو بوتل میں ڈال کر پانی بھر دے۔ اور ۱۱ دن تک صبح و شام اس کا پانی مریض کو پینے کی تاکید کرے اور روزانہ ایک وقت مقرر کر کے مریض مذکورہ طریقے سے دم کرتا رہے۔ انشاء اللہ بہت تیزی کے ساتھ مریض صحت کی طرف پلٹے گا۔

گلے میں ڈالنے والا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۳۰	۲۴	۱۰
۲۳	۱۱	۱۶	۲۱
۱۲	۲۶	۱۸	۱۵
۱۹	۱۴	۱۳	۲۵

پینے کے لئے یہ نقش دیا جائے۔

۷۸۶

۲۵	۱۹	۲۷
۲۶	۲۴	۲۱
۳۰	۲۸	۲۳

گلے میں ڈالنے والے نقش کو کالے کپڑے میں پیک کرنے کی تاکید کی جائے۔ یہ نقش اور یہ عمل جسمانی تمام بیماریوں میں بفضل رب العلمین تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ اور مریض کو حیرتناک طور پر شفا ہوتی ہے۔ لیکن عاملین کے لئے ضروری ہے کہ وہ پہلے عمل کی زکوٰۃ ادا کریں۔ اور نیاز مریضوں سے اتنی ہی وصول کریں جتنی کی ہم نے تاکید کی ہے۔ اور اس میں سے بھی غریبوں کا حق ضرور نکال دیں۔

دوسرا عمل

یہ عمل بھی چالیس دن پڑھا جائے گا۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ سورج طلوع ہوتے وقت عامل احرام باندھے اور سورج کی طرف رُخ کر کے بیٹھ جائے۔ اور اپنی آنکھیں بند کر کے ایک ہزار مرتبہ یہ عمل پڑھے۔ یَدُاللّٰہِ یٰسٓ۔ اور جب ایک ہزار کی تعداد پوری ہو جائے تو عامل سورج کی طرف پشت کر کے بیٹھ جائے اور اپنے ہاتھ ایک بار آپس میں ملے اور سو مرتبہ یداللہ یٰسین پڑھ کر اپنے ہاتھوں کو اپنے چہرے پر مل لے۔ اس طرح کھلی چھت پر بیٹھ کر جہاں سے سورج کی طرف دیکھنا آسان ہو یہ عمل لگاتار چالیس دن کرے۔ اور نوچندی اتوار سے اس عمل کی شروعات کرے۔

علاج کا طریقہ

اس کا عامل غریبوں سے ایک دن کے ۹ روپے اور مالداروں سے زیادہ سے زیادہ ایک دن کے

نوّے رُوپے ہدیہ لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ عمل لگاتار ایک مریض کیلئے ۹ دن تک جاری رکھنا چاہئے۔

عمل کے وقت بیمار کا چہرہ مشرق کی طرف ہو۔ اور عامل کا چہرہ مغرب کی طرف، اور عامل اگر عمل کرتے وقت بھی احرام میں ہو تو افضل ہے۔ عامل پہلے دل ہی دل میں ۱۲ مرتبہ یداللہ یٰسین پڑھے۔ اور پھر اپنے دونوں ہاتھ بارہ مرتبہ مَل کر رگڑے۔ اور مریض کے سر پر دونوں ہاتھ ایک بار رکھے۔ اسکے بعد دونوں ہاتھ رگڑ کر پھر مریض کے دل پر مساس کرے۔ اس کے بعد پھر بارہ مرتبہ اپنے دونوں ہاتھوں کو رگڑے اور مریض کی دونوں ہاتھوں کی ہتھیلیوں پر مساس کرے۔ پھر بارہ مرتبہ اپنے دونوں ہاتھ رگڑے اور مریض کے دونوں پیروں کے تلوؤں پر رگڑے پھر پاؤں کی طرف کھڑے ہو کر ایک مرتبہ آہستہ سے یہ کہے کہ یداللہ یٰسین کی برکت سے اس مریض کی بیماری دور ہوئی اور تندرستی واپس آگئی۔ انشاء اللہ بیمار پہلے ہی دن سے اچھا ہونا شروع ہو جائے گا۔ اور ۹ دن میں مکمل تندرست ہو جائے گا۔ اگر درمیان میں مریض ٹھیک ہو جائے تو عمل کو ۹ دن تک جاری رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر خدانخواستہ ٹھیک نہ ہو تو ۹ دن سے زیادہ عمل نہ کرے۔ اور اللہ کی مرضی نہ سمجھ کر عمل ۹ دن میں ختم کردے۔

جو لوگ عامل کو اپنے گھر بلا کر عمل کرائیں۔ عامل غریب سے ایک دن حاضری کے ۴۵ اور مالدار سے ۴۵۰ رُوپے لے سکتا ہے اس سے زیادہ لینا درُست نہیں ہے۔ یداللہ یٰسین کا عامل اگر اپنے دونوں ہاتھ اچھی طرح دھو کر اور ۱۲ دفعہ دل ہی دل میں یداللہ یٰسین پڑھ کر انھیں رگڑے۔

پھر دونوں ہاتھوں کو کسی پانی بھرے طشت میں رکھدے اور ایک منٹ تک انھیں اسی طرح پانی میں ڈبوئے رکھے تو یہ پانی جس مریض کو بھی پلایا جائے گا۔ انشاء اللہ اس کو زبردست فائدہ ہوگا۔ اس کا ہدیہ عامل غریب سے ۹ رُوپے اور مالدار سے ۹۰ رُوپے وصول کرسکتا ہے۔ یہ پانی مریض ایک بوتل میں رکھکر ۹ دن تک استعمال کرسکتا ہے۔ روزانہ ۳ مرتبہ اس پانی کا صبح دوپہر شام پینا ضروری ہے۔ واضح رہے اس پانی کا اس سے زیادہ ہدیہ وصول کرنا عامل کے لئے ہرگز ہرگز جائز نہیں ہے۔

سلب مرض

یداللہ یٰسین ایسا پُر تاثیر عمل ہے کہ اس کا عامل ہر مرض کی بیماری اس عمل کے ذریعہ سلب کرسکتا ہے اگر عامل کنوارہ ہو تو جلدی تاثیر ظاہر ہوتی ہے۔ اس لئے اکابرین کی رائے یہ ہے کہ اس طرح کے عملیات شادی سے پہلے کرلئے جائیں۔ لیکن شادی شدہ حضرات پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ وہ بھی اس سے استفادہ کرسکتے ہیں اور فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اگر انسان خود کو عبادت و ریاضت کا پابند بنائے رکھے۔ اور گناہوں سے خود کو محفوظ رکھے تو یداللہ یٰسین کے عمل سے اس کو ایسی رُوحانی طاقتیں حاصل ہو جائیں جن کا وہ تصور بھی نہیں کرسکے گا۔ بعض بزرگوں نے یہاں تک فرمایا ہے کہ اگر عامل متقی اور پرہیزگار ہے اور یداللہ یٰسین کا عامل ہے۔ تو اس کا مریض کو صرف ایک ہاتھ لگا دینا کافی ہے۔ عامل کے چھوتے ہی مریض اچھا ہو جائے گا۔ اس طرح یداللہ یٰسین کا عامل اگر صاحب تقویٰ ہے تو اسکے ایک بار چھو لینے سے پانی میں شفا پہنچانے کی زبردست تاثیر پیدا ہو جائے گی۔ پھر جو بھی مریض یہ پانی ایک بار بھی پی لے گا تو اسی وقت بفضل ربّ کریم اس کی صحت بحال ہو جائے گی۔

تیسرا عمل

یہ عمل حُب اور تسخیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل ۴۰ دن تک لگاتار آلر روزانہ نو ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور ایک کاغذ پر آلر موٹا موٹا لکھ کر رکھ لے اور پڑھتے وقت اس کو دیکھتا بھی رہے۔ چالیس دن پورے ہونے پر عامل ۹ غریبوں کو کھانا کھلائے اور اُن کو رخصت کرتے وقت ہر ایک سے مصافحہ کرے اور دُعا کی درخواست کرے۔

چالیس دن کے بعد جب عامل اس عمل کو کسی کے لئے پڑھنا چاہے تو ۲۳۱ بار پڑھ کر خدا سے دُعا مانگے کہ فلاں شخص کا فلاں مقصد پورا ہو جائے اگر نقش بنانا ہو تو اس طرح بنا کردے۔ آتشی چال سے اس کو مرتب کرے۔

۷۸۶

آلر	آلر	آلر
آلر	آلر	آلر
آلر	آلر	آلر

اللّٰھمّ قلب فلان ابن فلان علیٰ حُبّ فلان

اس نقش کا ہدیہ بھی عامل غریب سے ۹ روپے اور مالدار سے ۹۰ روپے سے زیادہ نہ لے۔ اور یہ عمل کسی ناجائز کام کے لئے ہرگز ہرگز نہ کرے۔ ورنہ گناہ گار بھی ہوگا اور عمل بھی سلب ہو جائے گا۔

یہ عمل کھانے پینے کی چیزوں پر ۲۳۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے۔ یہ چیز جب طالب مطلوب کو کھلائے گا تو لامحالہ اس پر اثر ہوگا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے وہ طالبؑ کی محبت میں مبتلا ہوگا۔ کھانے پینے کی چیزوں کو

۲۳۱ مرتبہ عمل پڑھنے کے بعد آخیر میں عامل ایک مرتبہ یہ بھی کہدے۔

اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ فلاں ابن فلاں علیٰ حبّ فلاں ابن فلاں یامُقلّبَ القُلُوب

فلاں ابن فلاں کی جگہ پہلے مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور دوسری جگہ طالب اور اس کی ماں کا نام لے۔

عامل کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ آلر کے مجموعی اعداد ۲۳۱ ہیں۔ اسلئے جب بھی عمل کرے اسی تعداد میں کرے۔ کم زیادہ نہ کرے۔ عامل کو چاہئے کہ اپنے عمل کو مؤثر بنانے کے لئے ۲۳۱ مرتبہ آلر عمر بھر روزانہ پڑھتا رہے۔ لیکن چلّے کے بعد آلر لکھ کر سامنے رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ عملیات چشتیہ خاندان کے بزرگوں سے منقول ہیں۔ اور اپنے اندر حیرتناک تاثیر رکھتے ہیں۔ لیکن دنیا میں ایسے نادر عملیات سے وہی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن میں ایمان و یقین موجود ہو۔ جو لوگ ایمان سے محروم اور یقین سے کورے ہیں۔ اُن کے لئے ان عملیات میں کوئی کشش نہیں ہے اور ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی نااہل کو اور کسی ناقدرے کو ان عملیات کو پڑھنے کی توفیق نہ دے۔

یہ عمل جو آج کی مجلس میں پیش کیا جا رہا ہے۔ حُب اور تسخیر کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔

جو عاملین اس بات کے خواہشمند ہوں کہ محبّت اور تسخیر کے معاملات میں انھیں ناکامی کا مُنہ دیکھنا نہ پڑے۔ وہ خاص طور پر اس عمل کی طرف دھیان دیں۔ اور اس کو "تحفۂ غیبی" تصور کریں۔ اس کا طریقۂ زکوٰۃ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے عامل آلر ایک سفید کاغذ پر لکھ کر کسی دیوار پر

تیسرا عمل یہ عمل حُب اور تسخیر کے لئے بے حد مفید ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ عامل ۴۰ دن تک لگاتار آلر روزانہ نو ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور ایک کاغذ پر آلر موٹا موٹا لکھ کر رکھ لے اور پڑھتے وقت اس کو دیکھتا بھی رہے۔ چالیسؔ دن پُورے ہونے پر عامل ۹ غریبوں کو کھانا کھلائے اور اُن کو رخصت کرتے وقت ہر ایک سے مصافحہ کرے اور دُعا کی درخواست کرے۔

چالیسؔ دن کے بعد جب عامل اس عمل کو کسی کے لئے پڑھنا چاہے تو ۲۳۱ بار پڑھ کر خدا سے دُعا مانگے کہ فلاں شخص کا فلاں مقصد پُورا ہو جائے اگر نقش بنانا ہو تو اس طرح بنا کر دے۔ آتشی چال سے اس کو مرتب کرے۔

۷۸۶

آلر	آلر	آلر
آلر	آلر	آلر
آلر	آلر	آلر

اَللّٰھُمَّ قلّب فلان ابن فلان علٰی حُبّ فلان

اس نقش کا ہدیہ بھی عامل غریب سے ۹ رُوپے اور مالدار سے ۹۰ رُوپے سے زیادہ نہ لے۔ اور یہ عمل کسی ناجائز کام کے لئے ہرگز ہرگز نہ کرے۔ ورنہ گناہ گار بھی ہوگا اور عمل بھی سلب ہو جائے گا۔

یہ عمل کھانے پینے کی چیزوں پر ۲۳۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے۔ یہ چیز جب طالب مطلوب کو کھلائے گا تو لامحالہ اس پر اثر ہوگا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے وہ طالبؔ کی محبّت میں مبتلا ہوگا۔ کھانے پینے کی چیزوں کو

۲۳۱ مرتبہ عمل پڑھنے کے بعد آخیر میں عامل ایک مرتبہ یہ بھی کہدے۔ اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ فلاں ابن فلاں علی حبّ فلاں ابن فلاں یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْب۔ فلاں ابن فلاں کی جگہ پہلے مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور دوسری جگہ طالب اور اس کی ماں کا نام لے۔

عامل کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ آلر کے مجموعی اعداد ۲۳۱ ہیں۔ اسلئے جب بھی عمل کرے اسی تعداد میں کرے۔ کم زیادہ نہ کرے۔ عامل کو چاہئے کہ اپنے عمل کو مؤثر بنانے کے لئے ۲۳۱ مرتبہ آلر عمر بھر روزانہ پڑھتا رہے۔ لیکن چلّے کے بعد آلر لکھکر سامنے رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ عملیات چشتیہ خاندان کے بزرگوں سے منقول ہیں۔ اور اپنے اندر حیرتناک تاثیر رکھتے ہیں۔ لیکن دنیا میں ایسے نادر عملیات سے وہی لوگ فائدہ اٹھا سکتے ہیں جن میں ایمان و یقین موجود ہو۔ جو لوگ ایمان سے محروم اور یقین سے کورے ہیں۔ اُن کے لئے ان عملیات میں کوئی کشش نہیں ہے اور ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی نااہل کو اور کسی ناقدرے کو ان عملیات کو پڑھنے کی توفیق نہ دے۔

یہ عمل جو آج کی مجلس میں پیش کیا جا رہا ہے۔ حُب اور تسخیر کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔

جو عاملین اس بات کے خواہشمند ہوں کہ محبّت اور تسخیر کے معاملات میں انھیں ناکامی کا مُنہ دیکھنا نہ پڑے۔ وہ خاص طور پر اس عمل کی طرف دھیان دیں۔ اور اس کو "تحفۂ غیبی" تصور کریں۔ اس کا طریقۂ زکوٰۃ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات سے عامل آلر ایک سفید کاغذ پر لکھکر کسی دیوار پر

رنگالے اور خود ۳ گز کے فاصلے پر بیٹھ کر آلـرا نو ہزار مرتبہ پڑھے۔ اور اس طرح
لگاتار چالیس دن تک پڑھے۔ کسی بھی طرح کا کوئی پرہیز اس عمل میں نہیں ہے
البتہ جگہ اور وقت کی پابندی ضروری ہے۔ اگر عامل ایک دن بھی ناغہ کریگا
یا ایک مرتبہ بھی جگہ بدلے گا تو عمل بے کار ہو جائے گا۔ گالی گلوچ جھوٹ
اور غیبت اور نفرت و تہمت کی باتوں سے زبان کو پوری طرح محفوظ رکھے گا۔
اس کے علاوہ کوئی اور پرہیز کرنے کی ضرورت نہیں۔ چالیس دن میں زکوٰۃ
ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد جب عامل کسی کے لئے عمل کرے تو ۲۳۱
مرتبہ پڑھکر دُعا کرے کہ فلاں ابن فلاں کو فلاں ابن فلاں سے محبت
ہو جائے تو صرف اس عمل سے طالب و مطلوب کے درمیان انشاء اللہ محبت
پیدا ہو جائے گی۔ اور طالب و مطلوب ایک دوسرے کے دیوانے ہو جائیں گے۔
مطلوب کا نام پہلے لینا چاہئے اور طالب کا بعد میں۔
اگر کسی کو محبت کے لئے نقش دینا ہو تو نقش اس طرح بنا کر دیں۔

آلـرا	آلـرا	آلـرا
آلـرا	آلـرا	آلـرا
آلـرا	آلـرا	آلـرا

فلاں ابن فلاں علی حب فلاں ابن فلاں

یہ عمل کھانے پینے کی چیزوں پر ۲۳۱ مرتبہ پڑھ کر دینا چاہئے۔ جس کی محبت
حاصل کرنی ہو طالب اس کو کھلا دے تو بفضل ربّ العٰلمین اس کا دل نرم
ہو جائے گا۔ اور وہ طالب پر فریفتہ ہو جائے گا۔
تسخیر عام کے لئے مندرجہ ذیل نقش کارآمد ثابت ہوگا۔ اور عامل اس
نقش کو لکھنے کے بعد ۲۳۱ مرتبہ آلـرا پڑھ کر نقش پر دم کردے اور ہرے کپڑے

میں پیک کرا کر طالب کے سیدھے بازو پر بندھوا دے۔ انشاء اللہ طالب کو تسخیر
عام کی دولت نصیب ہوگی۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷	۶۰	۶۴	۵۰
۶۳	۵۱	۵۶	۶۱
۵۲	۶۶	۵۸	۵۵
۵۹	۵۴	۵۳	۶۵

یامسخر سخر لی کل مخلوقات اجب یا جبرائیل بحق
یا باسط و بحق الف، لام، را

عامل تسخیر عام نقش کے ۲۳۱ روپے لے سکتا ہے ـــــ اور پڑھنے
والے عمل کے نوّے روپے لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ لینے کی اجازت
نہیں ہوگی۔ عامل اس سے زائد وصول کرے گا تو اس کی زکوٰۃ باطل ہو جائیگی
اور عمل بے اثر ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ ہر عامل کے لئے یہ بھی ضروری ہے
کہ اس طرح کے اعمال ناجائز امور میں نہ کرے۔ ورنہ وہ گنہ گار ہوگا۔ اور
دُنیا میں بھی رُسوائی ہوگی۔

یہ اعمال ناسوتی جو اپنے اندر حد سے زیادہ اثر رکھتے ہیں۔ صوفیوں
اور ولیوں کی یادگار ہیں۔ ان عملیات کو استعمال کرتے وقت من مانے دام
وصول کرنا اور اللہ کے بندوں کو لوٹنا گھسوٹنا قطعاً جائز نہیں ہے۔ اور اُن
شرائط کی پابندی نہ کرنے والے کا عمل بھی ضائع ہو سکتا ہے۔ اور وہ کسی
مصیبت کا بھی شکار ہو سکتا ہے۔

چوتھا عمل الٓمّٓصٓ

یہ عمل کھیتی اور باغبانی کے لئے ہے اور ہر قسم کی نباتاتی زندگی کے لئے بہت اہم ہے اور بہت زیادہ مفید ہے۔ اس کے کل اعداد ۱۶۱ ہیں۔ اس کا چلّہ صرف ۱۲ دن کا ہے اور اس کا عمل رات کے اندھیرے میں پڑھا جاتا ہے۔ یہ عمل بہت جلالی ہے۔ اس لئے ۱۲ دن تک ترک حیوانی اور پرہیز جلالی ضروری ہے۔ ورنہ رجعت کا اندیشہ رہتا ہے۔ روزانہ الٓمّٓصٓ نو ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔ جب ۱۲ دن میں زکوٰۃ کی ادائیگی ہو جائے۔ تو مندرجہ ذیل طریقوں سے اس کا استعمال کریں۔

(۱) کھیتوں، باغات اور نباتات کی حفاظت کے لئے نیز ان کی سلامتی اور خیر و برکت کے لئے ۱۶۱ مرتبہ پانی پر دم کر کے کھیتوں اور باغوں کے درختوں اور پودوں کی جڑوں میں چھڑک دیں۔

(۲) اگر کسی کھیت یا باغ میں کیڑا لگ گیا ہو اور اس کے لئے کوئی چھڑکنے کی دوا استعمال کرنی ہو تو اس دوا پر ۱۶۱ مرتبہ الٓمّٓصٓ پڑھ کر دم کر دیں۔

(۳) کسی کھیت یا باغ میں بیج ڈالنا ہو یا نئے پودے لگانے ہوں تو بیجوں پر ۱۶۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں۔

(۴) باغوں کو آسمانی آفات اور ٹڈیوں وغیرہ سے بچانے کے لئے پانی پر ۱۶۱ مرتبہ دم کر کے کھیتی اور باغ میں چھڑک دیں۔

(۵) اگر کسی کھیت یا باغ کو چوروں سے بچانا ہو تو سوا گز سفید کپڑے پر یہ عمل ۱۶۱ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور اس کپڑے کو ایک بانس میں لگا کر بانس کو کھڑا کر دیں۔ انشاء اللہ چوروں سے محفوظ ہو جائے گا

اس عمل کا نقش مربع خاکی چاک سے بھر کر اگر کھیت یا باغ کے چاروں

گوشوں میں گاڑ دیا جائے تو کھیت اور باغ کی پیداوار کئی گنا بڑھ جائے اور خوب خیر و برکت ہو۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

۳۲	۴۶	۴۳	۴۰
۴۴	۳۹	۳۳	۴۵
۳۸	۴۱	۴۸	۳۴
۴۷	۳۵	۳۷	۴۲

اس نقش کو ظہر کے بعد لکھنا زیادہ افضل ہے۔ اگر عامل لکھتے وقت الٓمّٓصٓ کا ورد رکھے گا تو نقش کی تاثیر بڑھ جائے گی۔

اس کے علاوہ نقش کو اگر زرد رنگ کے کاغذ پر لکھیں تو بہتر ہے ورنہ پھر سفید کاغذ پر کالی روشنائی سے لکھیں ـــــ یا کالی پنسل سے لکھیں اور خاکی رنگ کے کپڑے میں چاروں تعویذوں کو پیک کر کے کھیت اور باغ کے چاروں گوشوں میں تعویذ دبانے کے بعد ایک بالٹی پانی پر ۱۶۱ مرتبہ الٓمّٓصٓ پڑھ کر دم کر کے چاروں گوشوں میں چھڑک دیں تو اور بھی فائدہ محسوس ہو گا۔ اور بہت جلد خیر و برکت کے آثار ظاہر ہوں گے۔

اس عمل کا عامل ضرورت مندوں سے فی نقش ۹ روپے وصول کر سکتا ہے۔ اور عمل پڑھنے کے نوے روپے ہدیہ لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

اعمالِ ناسوتی کے عمل حد سے زیادہ مؤثر ہوتے ہیں۔ لیکن اعمالِ ناسوتی کے عاملین کو ہدیہ وصول کرنے میں من مانی سے گریز کرنا چاہیے۔

اعمالِ ناسوتی خاص طور پر صوفیوں اور ولیوں کی تاریخی یادگار ہیں۔ اس لئے ان کا ہدیہ لینے میں عامل کو احتیاط برتنی چاہیئے۔

پانچواں عمل الٓمّرٓ یہ عمل بھی دوسرے عملوں کی طرح بے حد قیمتی اور مؤثر ہے۔ اس عمل کے اعداد ۲۷۱ ہیں۔ اس کا تعلق آسمانی بلاؤں اور آسمانی راحتوں سے ہے۔ جن بیماریوں کا تعلق آسمانی آفتوں سے ہو۔ مثلاً ہیضہ، طاعون، ٹی، بی وغیرہ یا گردشِ لیل ونہار سے متعلق ہو۔ مثلاً ستاروں کی نحوست یا تقدیر کی اُلٹ پھیر وغیرہ۔ ایسے تمام معاملات میں یہ عمل تیر کی طرح کام کرتا ہے اور عمل کرنے والے کو ان تمام آفتوں سے بفضل رب نجات دلاتا ہے۔ اس عمل کو سُورج نکلنے کے بعد سے سُورج غروب ہونے تک کسی بھی وقت پڑھ لینا چاہیئے۔ سُورج غروب ہونے کے بعد اس کا پڑھنا ٹھیک نہیں ہے۔ اس عمل کو روزانہ ۹۰۰ مرتبہ پڑھنا چاہیئے۔ ناغہ ۱۷ دن تک ایک دن کی بھی نہیں ہونی چاہیئے۔ ورنہ سارا عمل بے کار اور بے اثر ہو جائے گا۔ پرہیز کسی قِسم کا بھی نہیں ہے۔ چلّے کے بعد اگر عامل کسی ایک شخص کا یا بہت سے اشخاص کا یا کسی بستی اور شہر کا اور وبائی امراض یا ناگہانی آفتوں کے بچاؤ کے لئے علاج کرنا چاہے تو یہ عمل ۲۷۱ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے دیدے ـــــ یہ پانی اُن درختوں پر چھِڑک دیا جائے اور اُن کی جڑوں میں ڈال دیا جائے۔ جو بستی کے کناروں پر ہوں۔ علاوہ ازیں یہ پانی بستی کے چار داخل ہونے والے راستوں پر چھِڑک دیا جائے ـــــ یہ پانی مریضوں کو پینے کے لئے بھی دیا جائے۔

کسی ایک گھر کے لئے یہ عمل کیا جا سکتا ہے۔ اس صورت میں گھر کے دروازے پر یہ پانی چھِڑک دیا جائے اور گھر کے چاروں کونوں میں یہ پانی

چھِڑک دیا جائے۔

اس عمل کا نقش وبائی امراض سے بچاؤ کے لئے گھروں میں آویزاں کیا جائے۔ جہاں جہاں یہ نقش آویزاں ہوگا وہاں وہاں اللہ کی رحمت سایہ فگن رہے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۷	۷۰	۷۴	۶۰
۷۳	۶۱	۶۶	۷۱
۶۲	۷۶	۶۸	۶۵
۶۹	۶۴	۶۳	۷۵

جس بستی میں وبائی مرض پھیلا ہوا ہو اور بستی کے لوگ عامل کو بلانا چاہیں تو عامل کو چاہیئے کہ بے خوف وخطر وہاں چلا جائے اور جانے سے پہلے ۲۷۱ مرتبہ یہ عمل پڑھکر اپنے اُوپر دم کرے۔ اس کے بعد اللہ پر یقین کامل رکھتے ہوئے اس بستی میں چلا جائے اور بستی کے کسی بھی مکان کی چھت پر بیت اللہ کی طرف رُخ کر کے اس عمل کو ۲۷۱ مرتبہ پڑھکر ساٹھ تالیاں بجائے۔ انشاء اللہ پُوری بستی وبائی مرض سے نجات پائے گی۔

یہی عمل بستی کے لوگ رحمتوں کے نزول کیلئے بھی پڑھوا سکتے ہیں اس صورت میں عامل کسی مکان کے صحن میں کھڑے ہو کر یہ عمل کرے گا۔ اور ۲۷۱ مرتبہ پڑھکر ۹ تالیاں بجائے گا۔

عامل کو چاہیئے کہ یہ عمل بغیر ہدیہ کے نہ کرے۔ اور ہدیہ اپنے مریض سے وصول نہ کرے۔ بلکہ یہ تفصیل ذہن میں رکھے۔ اگر عامل اپنے ٹھکانے پر بیٹھ کر

پانی پر دم کر کے دے رہا ہے۔ تو وہ نوّے رُوپے وصول کرے۔

اگر عامل اس نقش کو بنا کر اور اس نقش پر ۲۷۱ مرتبہ مذکورہ عمل پڑھ کر دے رہا ہے تو اس کا ہدیہ عامل ۱۰۹ رُوپے وصول کر سکتا ہے۔

دوسرے کے گھر یا بستی میں جا کر اگر عامل عمل کرے تو اس کے نو سو رُوپے وصول کر سکتا ہے۔ ہر ہر صورت میں عامل کو چاہیئے کہ وہ ہدیہ کی رقم کا نو فی صد خیرات کر دے۔ ورنہ عامل کا عمل بے اثر ہو جائے گا۔

اگر عامل چاندی کی تختی پر یہ عمل کندہ کرا کے نابالغ بچّوں کے گلے میں ڈال دے تو وہ بچّے آسمانی آفات سے محفوظ رہیں۔ ان کا ہدیہ عامل نوّے رُوپے وصول کر سکتا ہے۔ چاندی کی تختی اس طرح تیار کرائے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
ا ل م ر ا

چھٹا عمل کھٰیٰعٓصٓ

یہ عمل سولہویں سپارے میں سُورۂ مریم کے شروع میں ہے۔ جن مرموز حروف سے اس سورۃ کو شروع کیا گیا ہے۔ وہ پانچ ہیں۔ ک، ہ، ی، ع، ص۔

ان پانچوں حروف کی تاثیرات عورتوں کے مقاصد ظاہر و باطن کے لئے الگ الگ ہیں۔ ان کا چلّہ خاص طور پر عورتوں ہی کو کرنا چاہیئے۔ اگرچہ کہ مردوں کے لئے بھی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ لیکن زیادہ بہتر یہی ہے کہ اس کا چلّہ عورتیں کریں۔

طریقہ یہ ہے کہ جس زمانے میں عورت پاک صاف ہو تو ۹ دن اس کا عمل کرے۔ ہر نماز کے بعد پانچ سو مرتبہ جائے نماز پر بیٹھ کر پڑھیں۔ اور

احرام باندھ کر یہ عمل کریں۔ کسی طرح کا پرہیز اور کسی طرح کی کوئی پابندی نہیں ہے۔ البتہ جگہ عمل کے لئے ایسی منتخب کریں کہ شور و شغب بالکل نہ ہو۔

عمل پڑھتے وقت کھٰیٰعٓصٓ پر نظریں جمائے رکھیں۔ عمل سے پہلے کھٰیٰعٓصٓ بڑا سا لکھ کر یا کسی سے لکھوا کر اپنے پاس رکھیں اور عمل کے وقت سامنے دیوار وغیرہ پر اس کو لٹکا لیں۔ اگر عورت پڑھی لکھی نہ ہو تب بھی دورانِ عمل ان حروف پر نظر جمائے رکھے۔ عمل کے وقت تازہ گلاب کے پھُول چند یا ایک اپنے سامنے رکھیں۔ اور عمل کے دوران کبھی کھٰیٰعٓصٓ کی طرف دیکھیں۔ اور کبھی گلاب کے پھولوں کی طرف۔

جس دن یہ عمل ختم ہو۔ یعنی ۹ دن کی ۴۵ نمازیں پوری ہو جائیں۔ ۴۵ ویں نماز کے بعد پانچ کنواری لڑکیوں کو خواہ وہ کسی بھی مذہب و مسلک کی ہوں۔ لیکن دعوت کے وقت پاک و صاف ہوں۔ بلا کر ان کو پسندیدہ کھانا پیٹ بھر کھلایا جائے۔ لڑکیوں کا غریب ہونا ضروری نہیں۔ البتہ سب کی سب غیر شادی شُدہ ہوں۔ اگر پانچوں کی پسند الگ الگ ہو تو سب کی پسند کا کھانا بنوانا چاہیئے۔

اگر یہ عمل مرد کرے گا تو وہ پانچ کنوارے لڑکوں کو مذکورہ طریقے سے کھانا کھلائے گا۔

یہ عمل اگرچہ عورت اور مرد دونوں کے لئے مؤثر ثابت ہوتا ہے۔ لیکن زیادہ تر اُن لڑکیوں کے لئے مؤثر ثابت ہوتا ہے جو غیر شادی شدہ ہوں۔ دوسرے نمبر پر شادی شُدہ عورتوں کے لئے مفید ثابت ہوتا ہے اور تیسرے نمبر پر کنوارے لڑکوں کے لئے یہ مؤثر ثابت ہوتا ہے اور چوتھے نمبر پر یہ شادی شدہ مردوں کیلئے مؤثر ثابت ہوسکتا ہے۔

عامل مرد ہو یا عورت اس کی عمر ۱۵ سال سے کم نہیں ہونی چاہئے
اس عمل کے روحانی فائدے یہ ہیں۔

(۱) چھوٹے بچوں کی سلامتی اور تندرستی کے لئے ۱۹۵ مرتبہ پڑھکر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلائیں۔ یا پھر بچوں کی دواؤں پر غذاؤں پر یا ان کے لباس پر ۱۹۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کا ہدیہ ۲۷ رُوپے ایک بچے کی طرف سے لیں۔

اس عمل کو لگاتار ۳ دن تک جاری رکھنا چاہئے۔ کیسا بھی مایوس کن مرض ہوگا انشاء اللہ شفا ہوگی۔

(۱) اس عمل کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اگر اس کی عامِل عورت ہے تو اس کو لڑکی کے لئے عمل کرنا چاہئے۔ اور اگر عامِل مرد ہے تو اس کو لڑکے کیلئے عمل کرنا چاہئے۔ تب ہی اثر ہوگا۔ اسی طرح اگر عامِل عورت ہے تو وہ اس عورت کے لئے عمل کر سکتی ہے جو طالب بن کر اس کے پاس آئی ہے اور اگر عامل مرد ہے تو وہ اس مرد کے لئے عمل کر سکتا ہے جو طالب بن کر اس کے پاس آیا ہو۔

(۲) دو عورتوں میں یا مردوں میں ملاپ کرانا ہو تو ۱۹۵ مرتبہ اگربتی یا لوبان یا کسی اور جلنے والی خوشبو پر دم کر کے ۲۷ رُوپے ہدیہ لیکر طالب کو دے دیا جائے وہ اپنے گھر میں اس خوشبو کو جلائے۔ اور عامل کو چاہئے کہ عمل پڑھنے کے بعد طالب اور مطلوب دونوں کے نام ان کی ماؤں کے نام کے ساتھ لے کر خوشبو والی چیز پر دم کر کے دے۔

(۳) میاں بیوی، بہن بھائی یا دیگر رشتے داروں کے لئے یہ عمل نیت محبت ۱۹۵ مرتبہ ہر نماز کے بعد ۹ دن تک پڑھا جائے اور آخیر میں اُن لوگوں کے

نام مع والدہ دونوں کے لئے جائیں جن میں محبت کرانی ہے اور طالب سے ۲۷ رُوپے ہدیہ لیا جائے۔ انشاء اللہ طالب و مطلوب کے درمیان محبت پیدا ہوگی۔

(۴) اگر کوئی عامل مرد یا عورت اپنے شریک حیات کا دل اپنی طرف کھینچنا چاہتا ہو تو.... روزانہ اس عمل کو ۹ دن تک صبح کی نماز کے بعد کرے اور کٓھٰیٰعٓصٓ کی طرف دیکھکر ۱۹۵ مرتبہ پڑھے اور روزانہ ۲۷ رُوپے خیرات کرے — انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

(۵) رزق کی ترقی کے لئے یہ عمل بہت جلد اثر کرتا ہے۔

طریقہ یہ ہے کہ ۹ دن تک روزانہ اس عمل کو ایک وقت مقرر کر کے ۱۹۵ مرتبہ تازہ گلاب پر پڑھ کر دم کردیں۔ ۹ دن میں ۹ پھول ہو جائیں گے۔ ۹ دن کے بعد ان پھولوں کی پتیاں الگ الگ کر کے ایک برتن میں رکھ لی جائیں اور جس کے لئے یہ عمل کیا گیا ہے۔ اس سے کہا جائے کہ وہ کٓھٰیٰعٓصٓ ۹ مرتبہ پڑھ کر کوئی سی بھی پانچ پتیاں اٹھالے اور اس کے بعد اُن پتیوں کو مندرجہ ذیل نقش کے ساتھ ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ کاروبار میں زبردست اضافہ ہوگا۔

اس عمل میں عامل طالب سے ۲۷ رُوپے روزانہ کے حساب سے ۲۴۳ رُوپے وصول کر سکتا ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۸	۵۱	۵۵	۴۱
۵۴	۴۲	۴۷	۵۲
۴۳	۵۷	۴۹	۴۶
۵۰	۴۵	۴۴	۵۶

یہ بات یاد رکھیں کہ اعمال ناسوتی میں اگر عامل من مانا ہدیہ لوگوں سے وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔ اور پھر دوبارہ کرنے سے بھی مؤثر نہیں ہوگا۔ اس لئے ہر عمل کا اتنا ہی ہدیہ وصول کرے جتنے کی ہدایت کی جارہی ہے۔

ساتواں عمل طٰہٰ

ان حروف کے اعداد ۱۴ ہیں۔ ان حروف سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا گیا ہے۔

اکابرین کی رائے یہ ہے کہ یہ دونوں حروف طاہر کا مخفف ہیں۔ اور طاہر سے مراد رسول خدا کی ذات گرامی ہے۔ ان حروف کا عمل حرف صٓ کے ملانے سے مکمل ہوتا ہے۔

اس عمل کی خوبی یہ ہے کہ اس عمل کو ہر قوم کی عورت مرد پڑھ سکتے ہیں خواہ وہ مسلمان ہوں یا کافر۔ اور ہر حال میں عورتیں اس عمل کو کرسکتی ہیں۔ حد یہ ہے کہ ایام کے زمانے میں بھی عورتیں اس عمل کو کرسکتی ہیں۔ بس روزانہ عمل سے پہلے غسل کرنا شرط ہے۔ عمل کی مدت ۱۰۴ دن ہے۔ عمل کا وقت روزانہ سورج غروب ہونے کے وقت ۱۰۴ مرتبہ طَاھَاصَادٓ پڑھا جائے گا۔

۱۰۴ دن تک پڑھنے کے بعد روزانہ صرف پانچ مرتبہ ان حروف کو پڑھنا پڑے گا۔ پڑھنے کا طریقہ یہ رہے گا۔ ایک بار دائیں طرف دیکھکر، ایک بار بائیں طرف دیکھکر، ایک بار نیچے کی طرف دیکھ کر، ایک بار اوپر کی طرف دیکھکر ایک بار سامنے کی طرف دیکھکر۔

اس عمل کو نابالغ بچے بھی کرسکتے ہیں۔ بڑا ہی قیمتی اور مؤثر عمل ہے۔ بچوں کے لئے سورج غروب ہوتے وقت پڑھنے کی قید نہیں ہے۔ وہ کسی بھی وقت اس عمل کو کرسکتے ہیں۔

اس عمل کی خوبی اور تاثیر یہ ہے کہ اگر کسی پر پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اس کے قلب و ذہن میں پاکیزگی اور طہارت پیدا ہوگی۔ اگر روزانہ ۱۰۴ دن تک کسی ایسے شخص پر یہ عمل کیا جائے جو گمراہی یا آوارگی کا شکار ہوگیا ہو تو اس عمل کی برکت سے وہ سیدھے راستے پر آجائے گا اور اس کے اندر طہارت اور پاکیزگی پیدا ہو جائے گی۔ اور آہستہ آہستہ وہ ابتدائیت پر گامزن ہو جائے گا۔ جو لوگ اس عمل کے بتائے ہوئے طریقے پر عمل کر کے عامل بن جائیں۔ اور حسب قاعدہ اس کو عمر بھر روزانہ پانچ مرتبہ پڑھتے رہیں۔ ان کے قلم سے لکھا ہوا اس عمل کا نقش انشاء اللہ تیر کی طرح کام کرے گا۔ جس انسان کو آپ برائیوں سے نجات دلا کر صراط مستقیم پر چلانے کے خواہشمند ہوں۔ اس کے گلے میں یہ نقش کسی دھاری دار کپڑے میں ورنہ پھر نیلے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے ڈلوا دیں۔ انشاء اللہ پاکیزہ انقلاب میں یہ نقش بیحد مؤثر ثابت ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵	۲۹	۳۲	۱۸
۳۱	۱۹	۲۴	۳۰
۲۰	۳۴	۲۷	۲۳
۲۸	۲۲	۲۱	۳۳

اس عمل کا ہدیہ عامل ایک روز کا پانچ روپے لے سکتا ہے۔ اگر لگاتار ۱۰۴ دن تک عمل کرنا ہو تو اسی حساب سے ہدیہ لیا جاسکتا ہے ——
نقش کا ہدیہ پچاس روپے لے سکتا ہے۔ اگر عامل ۱۰۴ مرتبہ یہ عمل پڑھ کر

پانی پردم کرکے مریض کو دے تو اس کا ہدیہ بھی پچاس رُوپے لیا جاسکتا ہے اس سے زائد وصول کرنے سے عمل ضائع ہوجائے گا۔

آٹھواں عمل طٰسٓمٓ

یہ حروف ۱۹ ویں سیارے میں سُورۂ شعراء کے شروع میں آئے ہیں۔ اور یہی حروف سُورۂ قصص میں بھی آئے ہیں۔ ان کے اعداد ۱۰۹ ہیں۔ ان کا چلہ ۱۲ دن کا ہے۔ اس کا چلہ عورت اور مرد دونوں کرسکتے ہیں۔

طریقہ یہ ہے کہ سُورج نکلتے وقت سورج کی طرف دیکھ کر ایک ہزار مرتبہ ان حروف کو پڑھا جائے۔ چلہ پُورا ہونے کے بعد بستر سے اٹھتے وقت صبح کو صرف ۱۵ مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ تاکہ زکوٰۃ کی تاثیر باقی رہے۔

طٰسٓمٓ کا عمل دشمنوں کو مغلوب کرنے کے لئے تیر بہدف کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے دشمن کے بُرے ارادے بدل جاتے ہیں۔ یا اپنے ارادے میں وہ فیل ہوجاتا ہے۔ اور دشمن کے بُرے منصوبے زیروزبر ہوجاتے ہیں۔ جب کوئی عامل اپنے لئے یا اپنے گھر والوں کیلئے یہ عمل کرنا چاہے تو فی دن ۴۵ رُوپے خیرات کرے۔ اگر عامل دوسروں کے لئے یہ عمل کرنا چاہے تو فی دن نوّے رُوپے ان سے وصول کرے۔ اگر اپنے لئے اس سے کم خیرات کرے گا۔ اور دوسروں کے لئے اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ نصف شب کے وقت اندھیرے میں کھڑے ہوکر ۱۰۹ اُرد کے دانوں پر طاسین میم پڑھ کر اُرد پر دم کرکے آگ میں پھینکے ——— اسی طرح ۱۰۹، اُرد پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کرکے آگ میں اُرد ڈال دے۔

آخر میں ایک دشمن ہو تو اس کا نام لے کر اور اگر کئی دشمن ہوں تو ان سب کا نام لے کر یہ کہے کہ فلاں فلاں مغلوب اور مقہور ہوا۔ اور اس کی دشمنی فنا ہوئی۔ اور ان کی دشمنی اور عداوت کے دروازے بند ہوئے۔ اور ان کی زبانیں فلاں ابن فلاں کے حق میں بند ہوئیں۔

یہ عمل لگاتار اسی طرح ۹ راتوں تک پڑھا جائے گا۔ دشمن کی مغلوبیت اور اُن کی زبان بندی کے لئے بہت ہی پُر تاثیر عمل ہے ——— حیرتناک طور پر اس عمل کے اثرات ظاہر ہوتے ہیں۔ اور دشمنوں کو نہ صرف اپنے ارادوں میں مُنہ کی کھانی پڑتی ہے بلکہ اُن کی زبانیں خود بخود بند ہوجاتی ہیں۔

عامل اس کا نقش بھی دے سکتا ہے۔ نقش کا ہدیہ ۹۰ رُوپے سے زیادہ وصول نہ کرے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷	۳۰	۳۳	۱۹
۳۲	۲۰	۲۶	۳۱
۲۱	۳۵	۲۸	۲۵
۲۹	۲۴	۲۲	۳۴

برائے حفاظت و سلامتی فلاں ابن فلاں

اعمالِ ناسوتی والے عملیات میں عامل کو من مانی کرنے کا حق نہیں ہے اور ہر عامل کیلئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ طے شدہ ہدیہ لینے کے ساتھ ساتھ سلسلۂ چشتیہ کے بزرگوں کو اور اہلِ بیت کو ایصالِ ثواب کرتا ہے۔ تاکہ اس

کی رُوحانیت میں روز بروز اضافہ ہو۔ اور اس کے عملیات میں تاثیر پیدا ہو۔ اگر عامل ان باتوں کا لحاظ نہیں رکھے گا تو اس کو نقصان پہنچے گا۔

نواں عمل طٰسٓ

اعمالِ ناسوتی کا نواں عمل طٰسٓ کا ہے۔ یہ حروف سورۂ نمل کے شروع میں آئے ہیں۔ اُن کے اعداد ۶۹ ہیں یہ عمل سفر کی کامیابی کے لئے بے حد مؤثر ہے۔ اس عمل کو اپنے لئے بھی کر سکتا ہے اور دوسروں کے لئے بھی۔ اس عمل کے ذریعہ سفر کی کامیابی کے آثار پیدا ہوتے ہیں۔ اور دورانِ سفر مال و جان کی حفاظت ہوتی ہے اور خوب خیر و برکت بھی ہوتی ہے۔ عمل کا طریقہ یہ ہے کہ صبح کی نماز کے بعد سُورج طُلوع ہونے سے پہلے مشرق کی طرف رُخ کر کے آنکھیں بند کر کے بیٹھ جائیں۔ اور گیارہ ہزار مرتبہ طاسین پڑھیں۔ روزانہ لگاتار بارہ دن تک یہ عمل کریں، انشاء اللہ اس عمل کی زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس عمل کا عامل بننے کے بعد اگر عامل اپنے لئے یہ عمل کرے تو صرف ۳ دن تک یہ عمل کرے۔

طریقہ یہ ہے کہ نمازِ فجر کے بعد مشرق کی طرف رُخ کر کے ۶۹ مرتبہ طاسین پڑھے۔ اور سفر کی کامیابی کی دُعا کرے۔ اس کے بعد سفر شروع کرے۔ انشاء اللہ جان و مال کی حفاظت کے ساتھ دورانِ سفر زبردست کامیابیاں نصیب ہوں گی۔

اگر اسی عمل کو کسی دوسرے کے لئے کرے تو روزانہ ۶۹ مرتبہ پڑھے اور لگاتار ۱۲ دن تک پڑھے اس کے بعد اس کو سفر کرنے کی اجازت دے۔

یہ عمل کسی ایک فرد کے لئے اسی طرح پڑھا جائے گا اور اگر کئی افراد سفر کرنے والے ہوں تو بھی اسی طرح پڑھا جائے گا۔ بشرطیکہ وہ ایک ساتھ ایک ہی سمت میں سفر کر رہے ہوں۔

عامل ایک دن کے عمل کے نوّے روپے بطور ہدیہ وصول کر سکتا ہے۔ اس میں سے تہائی رقم یعنی ۳۰ رُوپے روزانہ فقیروں یا غریبوں میں تقسیم کرنے ضروری ہوں گے۔ اگر عامل ان شرائط کا پابند نہیں رہے گا تو اس کا عمل ضائع ہو جائے گا اور اثرات باطل ہو جائیں گے۔

جو شخص عملِ طاسین کی زکوٰۃ ادا کر دے اس کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ روزانہ کوئی ایک وقت مقرر کر کے ۶۹ مرتبہ طاسین پڑھتا رہے۔ اس وِرد میں نمازِ فجر کے بعد کی اور مشرق کی طرف رُخ کر کے پڑھنے کی شرط نہیں ہے البتہ اپنے لئے یا کسی فرد یا افراد کے لئے عمل کی نیت سے پڑھے تو اس وقت نمازِ فجر کے بعد اور مشرق کی طرف رُخ کر کے ہی پڑھے۔

طاسین کا عمل۔ طاسین کا نقش بھی دورانِ سفر حفاظت اور کامیابی کے لئے دے سکتا ہے۔ اس نقش کا ہدیہ نوّے روپے سے زائد وصول کرنا ٹھیک نہیں ہے۔ البتہ اس میں سے صرف ۱۱ رُوپے عامل کسی غریب کو دینے کا پابند ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۲۰	۲۳	۹
۲۲	۱۰	۱۶	۲۱
۱۱	۲۵	۱۸	۱۵
۱۹	۱۴	۱۲	۲۴

اس نقش کو مسافر دورانِ سفر اپنے پاس رکھے گا تو پردۂ غیب سے اس کی حفاظت اور نصرت ہوگی اور اللہ کی رحمتیں ہر جگہ اس کا استقبال کریں گی۔

اعمالِ ناسوتی کے سلسلے میں تمام قارئین کو بطورِ خاص یہ بات نوٹ کرلینی چاہئے کہ ان اعمال میں ہدایا وصول کرنے کے معاملات میں من مانی کرنا نحوست پیدا کرتا ہے اور رجعت کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ اس لئے اس سلسلے میں شدید ترین احتیاط کی ضرورت ہے

دسواں عمل یٰسٓ

اعمالِ ناسوتی کا دسواں عمل یٰسین ہے۔ اس کے عدد ۷۰ ہیں۔ یہ حروف جس سورۃ کے شروع میں آئے ہیں۔ وہ قرآن حکیم کی بہت اہم اور مشہور و معروف سورۃ ہے۔ احادیث نبوی سے یہ ثابت ہے کہ یہ سورۃ قرآن حکیم کا دل ہے۔ عاملین کے نزدیک بھی یہ سورۃ حد سے زیادہ اہمیت اور فضیلت رکھتی ہے اور اس کی چلّہ کشی سے عاملین بے شمار فائدے اٹھاتے ہیں۔ اس سورۃ کی تلاوت نزع کی حالت میں بیمار کو سنانا مسنون ہے۔ اور اس کی تلاوت سے جان کنی کی تکلیف میں آسانی ہوجاتی ہے۔

سورۂ یٰسین میں لفظ مبین سات جگہ آیا ہے۔ اور ہر مبین کی ایک الگ تاثیر ہے۔

یٰسین کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ۷۰ مرتبہ "یٰسین مبین" پڑھا جائے اور ستر دن تک پڑھا جائے اور جب ستر دن پورے ہوجائیں تو عامل دنیا کی ہر مشکل کے لئے خواہ وہ اپنی ہو یا پرائی دعا کرے۔

جن بیماروں کا حال برا ہو اور علاج سے بھی انھیں سکون نہ ہو تو ایسے مریضوں کو عامل پانچ خانوں کا نقش بنا کردے اور تاکید کردے کہ اس نقش کو مریض ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ فی الفور اثر کرے گا اور طبیعت ٹھیک ہوجائے گی۔

عامل اس نقش کے نوّے روپے مریض سے وصول کرسکتا ہے اس سے زیادہ نہیں۔

نقش اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

یٰسین مُبین

یٰسین مُبین	یٰسین مُبین
یٰسین مُبین	یٰسین مُبین

جس عامل نے "یٰسین مبین" کی حسب طریقہ زکوٰۃ ادا کردی ہوگی۔ وہ جس پر بھی ۷۰ مرتبہ یٰسین مبین پڑھکر دم کردے گا وہ مریض ٹھیک ہوجائیگا مریض کی غیر موجودگی میں اگر عامل نے یٰسین مبین ستر مرتبہ پڑھکر کسی کا نام لیکر اس کے لئے دعا کی۔ تب بھی دعا قبول ہوجائے گی۔ اور وہ بفضل خداوندی تندرست ہوجائے گا۔

اسی طرح اس کا عامل جس کو بھی یہ پانچ خانوں والا نقش دے گا اس کو اپنے مقصد میں کامیابی ملے گی۔

بعض بزرگوں نے یہ فرمایا ہے کہ اس کی زکوٰۃ ادا کرنے والے کو چاہئے کہ وہ پہلے دن اور آخری دن یعنی ۷۰ ویں دن سورۂ یٰسین سات مرتبہ پڑھ کر یٰسین مبین پڑھنا شروع کرے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ صرف ۷ مرتبہ پڑھنا کافی ہے۔ پانچ خانوں والا نقش مقدمہ کے لئے بھی تیر بہدف ہے اور تسخیر و مقبولیت کے کاموں میں بھی اثر انداز ہوتا ہے۔

عامل کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایک مریض پر ایک دن دعا پڑھنے کا ہدیہ اگر اس کے گھر جاکر پڑھتا ہے۔ نوّے روپے سے زیادہ نہ لے۔ اور اگر

گھر بیٹھکر پڑھتا ہے تو ۷ ۲ روپے سے زیادہ نہ لے۔ اگر اس کے خلاف کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

یہ عمل خاص طور پر ان لوگوں کے لئے "خزانۂ قدرت" ہے جو پہلے سے بھی سورۂ یٰسین کے عامل ہیں۔ وہ خاص طور پر اس عمل سے استفادہ کر کے اللہ کے بندوں کو فائدہ پہنچا سکتے ہیں۔

گیارہواں عمل صٓ

اعمال ناسوتی کا گیارہواں عمل صآد ہے۔ یہ حرف ۲۳ ویں سپارے کی سورۃ سورۂ صاد کا پہلا حرف ہے۔

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بڑے سے کاغذ پر جو ایک فٹ لمبا اور ۱۶ انچ چوڑا ہو۔ اس پر کالی روشنائی سے صٓ لکھ لیں اور روزانہ اس کی طرف دیکھتے ہوئے نوّے مرتبہ ۹ دن تک صاد پڑھیں۔ پہلے اور آخری دن اگر سورۂ صٓ کی تلاوت کریں تو بہتر ہے جب عمل پورا ہو جائے تو اس عمل کو ردِّ سحر اور ردِّ آسیب کے لئے استعمال میں لائیں۔ اس طرح کہ ایک تولہ سرسوں کا تیل لے کر عامل اس تیل کی طرف دیکھتے ہوئے نوّے مرتبہ صآد پڑھے۔ اور تیل پر دم کر دے۔ پھر اس تیل کا ایک ایک قطرہ مریض کے دونوں کان میں ڈال دے۔ وہ مریض جادو سے متأثر ہو یا جن سے۔ انشاءاللہ دونوں طرح کے مریضوں کے لئے یہ عمل کارگر ثابت ہوگا۔ واضح رہے کہ تیل ایک بوند سے زیادہ کان میں نہیں ڈالنا چاہیئے۔

اس کے بعد باقی تیل مریض کی پشت پر مل دیں۔ اس کے دماغ پر اس تیل کی مالش کریں۔ اس کی دونوں ہتھیلیوں پر تیل لگائیں اور بیسوں ناخونوں پر یہ تیل لگا دیں۔ جہاں جہاں ہڈیوں کے جوڑ ہوں وہاں بھی لگا سکتے ہیں۔ اس کے بعد اگر مریض شدید بیمار ہو تو نوّے مرتبہ صآد پڑھ کر مریض کے اوپر

دم بھی کر دیں۔ اور اس حرف کا ایک نقش تیار کر کے مربع کا آتشی چال سے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲	۲۵	۲۸	۱۵
۲۷	۱۶	۲۱	۲۶
۱۷	۳۰	۲۳	۲۰
۲۴	۱۹	۱۸	۲۹

اس نقش کی الگ سے کوئی زکوٰۃ نہیں ہے۔ جس نے حرف کی زکوٰۃ مذکورہ طریقے سے ادا کر دی وہ اس نقش کا بھی عامل سمجھا جائے گا۔ اور اس کا لکھا ہوا نقش انشاءاللہ مؤثر ثابت ہوگا۔ اگر مریض کو مرض شدید یعنی آسیب زیادہ پریشان کرتا ہو۔ مریض پر بار بار حاضر ہوتا ہو یا مریض سحر کی زیادتی کی وجہ سے پریشان ہو۔ ایسے مریض کو نوّے دن تک روزانہ ایک نقش پلایا جائے۔ پینے کا نقش یہ ہے۔ اس نقش کو بھی مربع آتشی چال سے پُر کر کے مریض کو دیں۔

۷۸۶

۳۱	۲۶	۳۳
۳۲	۳۰	۲۸
۲۷	۳۴	۲۹

اس طرح کے علاج میں عامل مریض سے پینے کے نقوش کے نو روپے فی نقش کے حساب سے لے سکتا ہے۔ اور باندھنے والے نقش کے نوّے روپے فی نقش کے حساب سے لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ اگر وصول کرے گا

تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

اعمال ناسوتی میں بلا کی تاثیر ہوتی ہے۔ لیکن عامل کے لئے طہارت کاملہ کا لحاظ رکھنا اور ہدیہ لیتے وقت احتیاط برتنا ضروری ہے۔

اعمالِ ناسوتی کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کا اثر فی الفور ہوتا ہے اور اعمال ناسوتی کا عامل اگر کسی مریض پر دم کردیتا ہے تو یہ دم تیر کی طرح کام کرتا ہے۔ لیکن شرط یہی ہے کہ عامل ہدیہ لینے میں بھی بزرگوں کی کی ہوئی حد بندی کو ملحوظ رکھے۔ اگر وہ من مانی کرتا ہے تو اعمالِ ناسوتی کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ اسی لئے ہر ماہ ہم بار بار اس کی تاکید کرتے ہیں کہ عامل طے شدہ ہدیہ سے زیادہ وصول کرنے کی غلطی نہ کرے۔

بارہواں عمل حٰمٓ

اعمال ناسوتی کا ۱۲ واں عمل حٰمٓ ہے۔ یہ حرف قرآن حکیم کی کئی سورتوں کے شروع میں استعمال ہوئے ہیں۔ لیکن پہلی مرتبہ چوبیسوے سپارے کی سورۂ مومن کے شروع میں ان کا ذکر ہوا ہے۔ ان کے اعداد ۴۸ ہیں۔

ان کی تاثیرات بے شمار ہیں۔ اور ان کے عمل کے لئے لکھی ہوئی تختی کا تصور بھی ضروری ہے۔

طریقہ عمل یہ ہے کہ ایک تختی پر حامیم لکھ لیں۔ اور روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس تختی کی طرف دیکھکر حامیم پڑھتے رہیں۔ لگاتار ۴۸ دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔ ۴۸ دن کے بعد مزید ۴۸ دن تک حامیم صرف پانچ سو مرتبہ بغیر تختی کی طرف دیکھے ہوئے پڑھیں۔ اس طرح کہ ایک سو مرتبہ اپنی دائیں طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ ایک سو مرتبہ اپنی بائیں طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ ایک سو مرتبہ زمین کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ ایک سو مرتبہ آسمان کی طرف یا

چھت کی طرف دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ اور ایک سو مرتبہ اپنے سامنے تا حدِ نظر دیکھتے ہوئے پڑھیں۔ جب یہ چلہ بھی پورا ہوجائے تو اسی عمل کا تیسرا چلہ اس طرح کریں کہ صبح کے وقت مشرق کی طرف منہ کرکے بیٹھ جائیں اور ۴۸ مرتبہ حامیم دل ہی دل میں پڑھیں اور اپنی آنکھیں بند رکھیں۔

یہ عمل بھی ۴۸ دن تک کریں۔ اس کے بعد جس کو بھی جس مقصد کے لئے یہ تعویذ لکھکر دیں گے۔ اس کی مراد پوری ہوگی۔ انشاء اللہ۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

حٰمٓ

حٰمٓ	حٰمٓ
حٰمٓ	حٰمٓ

حامیم کا نقش کسی بھی مریض کو پینے کے لئے دیا جاسکتا ہے۔ اگر ۴۸ دن تک اس کو روزانہ ایک نقش پلا دیا جائے تو اللہ کے فضل وکرم سے موذی اور مہلک مرض سے بھی نجات مل جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷	۱۲	۱۹
۱۸	۱۶	۱۴
۱۳	۲۰	۱۵

جو شخص حامیم کا عامل مذکورہ چلے پورے کرنے کے بعد بن جائے وہ دفینے کا ادراک بھی کرسکتا ہے ـــــ اس کا طریقہ یہ ہے کہ حٰمٓ کا نقش مربع عامل اپنے دائیں بازو پر باندھ کر جس مقام پر دفینہ ہو وہاں بیٹھ

جائے اور آنکھیں بند کرکے دل ہی دل میں ۴۸ مرتبہ حامیم پڑھے۔ پھر یہ تصور کرے کہ جیسے وہ زمین کے نیچے کی چیزیں دیکھ رہا ہے۔ اگر وہاں دفینہ ہوگا تو عامل کو نظر آجائے گا۔ اور یہ معلوم ہوجائے گا کہ دفینے میں کیا چیز ہے سونا ہے یا چاندی ہے۔ اور کس قدر ہے۔

حٰمٓ کا نقش مربع اس طرح بنائیں۔

۷۸۶

۱۱	۱۵	۱۸	۴
۱۷	۵	۱۰	۱۶
۶	۲۰	۱۳	۹
۱۴	۸	۷	۱۹

اگر حٰمٓ کا عامل کسی مریض پر ۴۸ مرتبہ حٰمٓ پڑھ کر دم کردے گا تو اس کو بفضلِ خدا فوراً صحت عطا ہوگی۔ مرض اگر شدید ہو تو عامل کو چاہیئے ۴۸ دن تک مریض پر دم کرے ——— عامل ایک دن کا ہدیہ ۹ روپے تک وصول کرسکتا ہے۔ نقش کا ہدیہ اگر وہ پینے کے لئے دے رہا ہے تو فی نقش ۹ روپے، اور اگر وہ پانچ حٰمٓ والا نقش بناکردے فی نقش ۱۸ روپے تک لے سکتا ہے۔ دفینہ معلوم کرنے کے لئے نو سو روپے لے سکتا ہے۔ اس سے زیادہ لے گا تو عمل ضائع ہوجائے گا۔

تیرھواں عمل حٰمٓ عٓسٓقٓ

اعمالِ ناسوتی کا ۱۳ واں عمل حٰمٓ عٓسٓقٓ ہے۔ یہ حروف سورۂ شوریٰ کے شروع میں آئے ہیں۔ اور سورۂ شوریٰ ۲۵ ویں سپارے میں ہے۔ ان حروف کے اعداد ۲۷۸ ہیں۔ اُن کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس دن تک ان حروف

کو ۲۷۸ مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ ان حروف کی طرف نظر جماکر دیکھتے بھی رہیں عمل شروع کرنے سے پہلے ایک بڑے کاغذ پر حٰمٓ عٓسٓقٓ لکھکر رکھ لیں اور دَورانِ عمل نظریں ان حروف کی طرف جمائے رکھیں۔ ایک چلّہ پُورا ہونے کے بعد دوسرا چلّہ بغیر دیکھے پُورا کریں۔ اس چلّے میں بھی روزانہ ۲۷۸ مرتبہ حا۔ میم۔ عین۔ سین۔ قاف۔ اسی تلفظ کے ساتھ پڑھیں تیسرے چلّے میں بغیر دیکھے اس طرح ان حروف کو پڑھیں۔ ۲۷۸ مرتبہ دائیں طرف دیکھکر، ۲۷۸ مرتبہ بائیں طرف دیکھکر ۲۷۸ مرتبہ سامنے کی طرف دیکھکر اور ۲۷۸ مرتبہ آسمان کی طرف دیکھکر پڑھیں اور اسی طرح چالیس دن کی مدت پُوری کریں۔ ۱۲۰ دن میں ۳ چلّے پُورے ہوجائیں گے۔ اب پڑھنے والے کا عمل مکمل ہوجائے گا۔ اور وہ ان حروف کا عامل بن جائیگا۔ اس کے بعد جب بھی کسی بھی مُراد کیلئے کسی کو عامل ان حروف کا پانچ خانوں کا نقش بناکردے گا۔ اس کی مُراد بفضلِ ربّ العٰلمین پُوری ہوجائیگی۔ نقش اس طرح بنے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

حٰمٓ عٓسٓقٓ

حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
حٰمٓ عٓسٓقٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ

ان حروف کو ۲۷۸ مرتبہ پڑھکر اگر عامل کسی بھی مریض پر پڑھکر دم کردے گا تو اس کو مرض سے نجات مل جائے گی۔ اگر عامل ۲۷۸ مرتبہ ان حروف کو پڑھکر دُعا کرے گا تو اس کی دُعا قبول ہوگی۔ شدید بیماری کی صورت میں یہ نقش پینے کے لئے بھی دئے جاسکتے ہیں۔ ایک مریض کو پینے کے کل

۱۵ نقش لکھکر دئے جائیں اور روزانہ ۳ نقش پینے کی تاکید کی جائے۔

عامل چاہے تو اس کا عددی نقش بھی ہر طرح کے ضرورتمندوں کو دے سکتا ہے۔ اس نقش کو آتشی چال سے پُر کرنا چاہئے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۹	۷۲	۷۵	۶۲
۷۴	۶۳	۶۸	۷۳
۶۴	۷۷	۷۰	۶۷
۷۱	۶۶	۶۵	۷۶

عامل گلے میں ڈالنے والے نقش کا ہدیہ وہ حرفی یا عددی، نوّے رُوپے تک لے سکتا ہے۔ اور پینے والے نقش کا ہدیہ جو صرف حرفی نقش ہوگا۔ فی نقش ۹ رُوپے لے سکتا ہے۔ اس سے زائد لے گا تو اس کا عمل ضبط ہو جائے گا۔ اور تاثیر ختم ہو جائے گی۔

ہم بار بار ہدیہ کے سلسلے میں اس لئے پابندی کی ہدایت کرتے ہیں کہ اعمالِ ناسوتی میں ہدایا وصول کرنے میں اگر عامل من مانی کرتا ہے تو اس کے اعمال کا اثر ختم ہو جاتا ہے۔ اور اس کی محنت برباد ہو جاتی ہے۔ اس لئے بار بار ہم متنبہ کرتے ہیں کہ اعمالِ ناسوتی کے عملیات میں اس سے زیادہ ہدیہ وصول نہ کریں۔ جتنا ہم طے کر رہے ہیں۔ ورنہ اُن کی محنت ضائع ہو جائے گی۔

چودہواں عمل قٓ

اعمالِ ناسوتی کا ۱۴واں عمل قٓ ہے۔ یہ حرف چھٹے سپارے میں سُورۃ قٓ کے شروع میں آیا ہے۔ اس کے اعداد ۱۰۰ ہیں۔ اس کے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ ایک تختی پر قٓ لکھ لیں۔ اور لگاتار ۱۰۰ دن تک اس تختی کی طرف دیکھکر قٓ سو مرتبہ پڑھیں۔

دوسرا چلّہ بھی ۱۰۰ دن کا ہے۔ اس چلّے میں حرف قٓ ۱۰۰ بار بغیر تختی کی طرف دیکھے پڑھیں۔ تیسرا چلّہ ۱۰۰ دن کا ہوگا۔ اس چلّے میں ۱۰۰ مرتبہ دائیں طرف، ۱۰۰ مرتبہ بائیں طرف، ۱۰۰ مرتبہ اوپر کی طرف اور ۱۰۰ بار سامنے کی طرف دیکھ کر پڑھیں۔ اب عمل مکمل ہوا۔ اس عمل کے بعد عامل کسی بھی مقصد کے لئے ۱۰۰ مرتبہ قاف پڑھکر دُعا مانگے گا تو دُعا قبول ہوگی۔ اور کسی بھی مقصد کے لئے کسی کو مندرجہ ذیل نقش دے گا تو اس میں کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

قٓ

قٓ	قٓ
قٓ	قٓ

اس نقش کا ہدیہ عامل نوّے رُوپے تک وصول کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

پندرہواں عمل نٓ

اعمالِ ناسوتی کا ۱۵واں عمل نٓ ہے۔ یہ حرف ۲۹ ویں سپارے میں سورۃ قلم کے شروع میں آیا ہے۔ اس کے اعداد ۵۰ ہیں۔ اس کے بھی ۳ چلّے کرنے ہوں گے۔ اس کا چلّہ ۵۰ دن کا ہوگا پہلا چلّہ تختی کی طرف دیکھکر کرنا ہوگا۔ دوسرا چلّہ

بغیر تختی کی طرف دیکھتے ہوئے ۵۰ مرتبہ نٓ پڑھنے سے پُورا ہو جائے گا۔ تیسرے چلّے میں نٓ پچاس مرتبہ دائیں طرف دیکھکر ۵۰ مرتبہ بائیں طرف دیکھکر، ۵۰ مرتبہ آسمان کی طرف دیکھکر اور ۵۰ مرتبہ سامنے کیطرف دیکھکر پُورا کریں۔

اس عمل کی تکمیل کے بعد اگر عامل کسی بھی مقصد کے لئے ۵۰ مرتبہ نٓ پڑھکر دُعا کرے گا تو دُعا قبول ہوگی۔ اور کسی بھی مقصد کے لئے اگر یہ تعویذ دے گا تو انشاء اللہ اس مقصد میں طالب کو کامیابی ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

نٓ

نٓ	نٓ
نٓ	نٓ

اس نقش کا ہدیہ عامل نوّے رُوپے تک وصول کر سکتا ہے۔ اس سے زیادہ وصول کرے گا تو عمل ضائع ہو جائے گا۔

"اعمالِ ناسوتی" میں دوسرے اعمال کے مقابلے میں۔ یہ خصوصیت ہے کہ اس کا عامل ہدیہ لینے میں پابند ہوتا ہے۔ اسے من مانے پیسے وصول کرنے کا اختیار نہیں ہوتا۔ اگر وہ من مانی کرتا ہے تو اس کا عمل بے اثر ہو جاتا ہے۔

دوسری خصوصیت ان اعمال کی یہ ہے کہ ان کا اثر تیر کی طرح ہوتا ہے اور حیرت انگیز طور پر مریض کو فائدہ ہوتا ہے۔

ان اعمال کی زکوٰۃ نکال کر عامل نہ صرف یہ کہ خدمتِ خلق میں نمایاں ہو جاتا ہے۔ بلکہ اس کی شہرت دُور دُور ہو جاتی ہے۔ کیونکہ چشتی بزرگوں سے

اس کا روحانی رشتہ قائم ہو جاتا ہے۔ بشرطیکہ وہ خدمت کے دوران حد بندیوں کا پابند رہے اور من مانی سے گریز کرے۔

سُولہواں عمل حٰمٓ الحیّ القیّوم

اعمالِ ناسوتی کا سولہواں عمل — حٰمٓ حیّ القیّوم ہے۔ اس کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ ۴۰ روز تک لگاتار پڑھنا چاہئے۔ ۴۰ دن میں زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اور عامل کے اندر اس عمل کو کرنے کی صلاحیت پیدا ہو جائے گی۔

یہ عمل ہر طرح کی بیماریوں کے لئے، تندرستی کے لئے بچوں، بوڑھوں اور جوانوں کی صحت کے لئے اور اُن کی درازیٔ عمر کے لئے تیر کی طرح کام کرے گا۔ اور اللہ کے فضل و کرم سے حیرت انگیز نتائج برآمد ہوں گے۔

نقش اس کا اس طرح بنے گا۔

۷۸۶

حٰمٓ حیّ القیّوم

حٰمٓ حیّ القیّوم	حٰمٓ حیّ القیّوم
حٰمٓ حیّ القیّوم	حٰمٓ حیّ القیّوم

اس عمل کو اگر ۲۵۳ مرتبہ کسی بھی چیز پر دم کرکے مریض کو کھلائیں یا پلائیں تو فوراً اثر ہوگا۔ اور بیماری سے نجات ملے گی۔

اس عمل کو اگر عامل ۲۵۳ مرتبہ پڑھکر دُور بیٹھ کر بھی کسی کے لئے دُعا کرے گا تو انشاء اللہ دُعا قبول ہوگی۔

اس عمل کو کرتے وقت ایک تختی پر پانچ خانوں کا مذکورہ نقش بنا کر عامل اپنے سامنے رکھ کر اور اس کو دیکھ کر ایک ہزار مرتبہ اس عمل کو

پڑھے۔ آگے پیچھے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اس عمل کا ہدیہ عامل ایک شخص سے نوسے روپے لے سکتا ہے۔ اگر نقش بنا کر دے تب بھی ہدیہ نوسے روپے سے زائد نہ لے۔ اگر عامل اس سے زیادہ ہدیہ وصول کرے گا تو اس کا عمل بے اثر ہو جائے گا۔

• اعمالِ ناسوتی کے اعمال بے حد موثر ہوتے ہیں۔ اور اُن کا اثر منٹوں اور گھنٹوں میں اللہ کے فضل و کرم سے سامنے آتا ہے اور ضرورت مندوں کو فوراً فائدہ ہوتا ہے۔ لیکن ہدیہ کے معاملے میں عاملین کو محتاط رہنا چاہئے اور من مانی اور بے لگامی کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہئے۔

اعمالِ ناسوتی بزرگوں اور ولیوں کی امانت ہے۔ من مانے ہدایا وصول کرنے کا مطلب ہے کہ ہم بزرگوں کی امانت میں خیانت کرنے کے مرتکب ہو رہے ہیں ——— جو لوگ روحانیت پر یقین رکھتے ہیں وہ بزرگوں کی ہدایات سے اِدھر اُدھر نہیں ہوتے۔

ہم نے ولیوں اور صوفیوں کی امانت کو اپنے قارئین تک پہنچا دیا ہے اور بخل سے کام نہیں لیا۔

ہماری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے قارئین کو ان بابرکت علوم سے استفادہ کرنے کی زیادہ سے زیادہ توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

حروفِ مقطعات کے چار مفید ترین نقش

☆ برائے مخالفت اختلاف و تسخیرِ خلائق

۷۸۶

۱	۳۳۶۵	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۳۳۶۴
۶	۹	۳۳۶۷	۳
۳۳۶۶	۴	۵	۱۰

برائے امورِ کلی و جزئی و دنیوی

۷۸۶

۱	۱۴	۳۳۴۳	۸
[illegible]	۷	۲	[illegible]
[illegible]	[illegible]	۱۴	[illegible]
۱۵	۴	۵	[illegible]

☆ برائے غلبہ ظاہری و باطنی

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۳۳۵۹
۱۲	۳۳۵۸	۲	۱۳
۳۳۵۷	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۳۳۵۶	۱۰

برائے فتوحات

۷۸۶

۳۳۵۳	۱۴	۱۱	۸
۱۳	۷	۳۳۵۲	۳
۶	۹	۱۰	۳۳۵۴
۱۵	۳۳۵۵	۵	۱۰

☆

ان چاروں نقوش کی رفتار یہ ہے

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

Scanned by CamScanner

اس نقش کو برائے محبت استعمال کرسکتے ہیں۔ طالب و مطلوب کا نام نقش کے نیچے مع والدہ کے لکھیں۔ اور اس نقش کو طالب کے گلے میں ڈالدیں۔ اگر مطلوب کو پلانا آسان ہو تو اس نقش کو لکھکر آبِ جاری سے دھوکر مطلوب کو سات جمعوں تک پلائے۔ انشاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

۷۸۶

۶۷۱	۶۷۷	۶۸۳	۶۸۹	۶۶۵
۶۸۴	۶۸۵	۶۶۶	۶۷۲	۶۷۸
۶۶۷	۶۷۳	۶۷۹	۶۸۰	۶۸۶
۶۷۵	۶۸۱	۶۸۷	۶۶۸	۶۶۴
۶۸۸	۶۶۹	۶۷۰	۶۷۶	۶۸۲

مکان و دکان وغیرہ کی حفاظت کے لئے اس نقش کو فریم میں لگاکر آویزاں کریں۔

۷۸۶

۷	۱۱۱۹	۱۱۲۶	۱۱۳۲	۱
۱۱۲۷	۱۱۲۸	۲	۸	۱۱۲۰
۳	۹	۱۱۲۱	۱۱۲۳	۱۱۲۹
۱۱۱۷	۱۱۲۴	۱۱۳۰	۴	۱۰
۱۱۳۱	۵	۶	۱۱۱۸	۱۱۲۵

ان نقوش کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ۶۵ نقش روزانہ ۶۵ دن تک لکھکر دریا میں ڈالیں۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ان کو ضرورت مندوں کو دیں ایک نقش کا ہدیہ سو روپے سے زائد نہ لیں۔ ورنہ زکوٰۃ باطل ہوجائے گی۔

ان نقوش کو موم جامہ کرنے کے بعد ہرے رنگ کے کپڑے میں پیک کرکے سیدھے بازو پر باندھیں یا گلے میں ڈال لیں۔

عامل کے لئے ضروری ہے کہ نوچندی جمعرات سے ان کی زکوٰۃ شروع کرے۔ اور ہر نقش کو روزانہ ۱۰۰ مرتبہ لکھے۔ اس طرح لگاتار ۴۰ دن تک لکھے۔ اور ہر ہفتے لکھے ہوئے نقش آٹے میں گولیاں بناکر دریا میں ڈالتا رہے۔ ایک ساتھ چاروں نقوش کی زکوٰۃ بھی دی جاسکتی ہے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد ضرورت مندوں کو نقش دینا شروع کرے۔ اور کسی بھی مریض سے ایک نقش کا ھدیہ سو روپے سے زیادہ نہ لے۔ ورنہ اثر باطل ہوجائیگا۔

نقشِ مخمس-(۵ × ۵)

نقش مخمس کے کل اعداد ۶۵ ہوتے ہیں- اور کل خانے ۲۵ ہوتے ہیں- اس نقش کے عدد تفریق ۶۰ ہیں- یہ نقش زہرہ ستارے سے منسوبؑ ہے۔

مخمس پُر کرنے کا طریقہ :- مطلوبا عداد سے ۶۰ گھٹا دیں- اور باقی کو ۵ سے تقسیم کریں- حاصلِ تقسیم کو خانۂ اوّل میں رکھکر مقررہ چال سے نقشِ پُر کریں-

نقش کی چال یہ ہے- ۷۸۶

۱	۲۵	۱۹	۱۳	۷
۱۴	۸	۲	۲۱	۲۰
۲۲	۱۶	۱۵	۹	۳
۱۰	۴	۲۳	۱۷	۱۱
۱۸	۱۲	۶	۵	۲۴

تقسیم کے بعد اگر کسر واقع ہو تو اس کو ذہن میں رکھیں-
اگر کسر ایک ہو تو خانۂ ۲۱ میں اگر کسر ۲ ہو تو خانہ ۱۶ میں اگر کسر ۳ ہو تو خانۂ ۱۱ میں اگر کسر ۴ ہو تو خانۂ ۶ میں ایک کا اضافہ کریں-
یہ طریقہ سمجھانے کے بعد چند نقوش حروفِ مقطعات کے دیئے جا رہے ہیں- عاملین ان سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں-

---

حرُوفِ مقطّعاتُ کے خواصُ اور اُنُ کی برکاتُ

صحابہؓ اور بزرگوںؒ کے معمولات۔

- حجۃ الاسلام حضرت امام غزالیؒ نے لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن ابن عوفؓ حروف مقطعات کو لکھکر اپنے مال واسباب میں رکھدیا کرتے تھے تاکہ یہ سب سامان ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے۔
- حضرت امام کمالؒ جب دریائے دجلہ میں جاتے تو حروف مقطعات پڑھ لیا کرتے تھے کسی نے وجہ پوچھی تو فرمایا کہ جس چیز پر یہ کلمات پڑھے یا لکھے جائیں وہ تلف ہونے سے محفوظ رہے گی۔ (شمس المعارف)
- حضرت امام غزالیؒ نے خواص القرآن میں لکھا ہے کہ بعض اکابرین جب بحری سفر میں جاتے تو کاغذ یا کسی ٹھیکری پر یہ حرُوف مقطعات لکھکر ساتھ رکھتے تھے- اگر دریا میں طوفان آتا تو یہ کاغذ دریا میں ڈال دیا کرتے تھے اور طوفان رک جایا کرتا تھا-
- موصل کے ایک بزرگ کا قول ہے کہ ان حروف کے خواص اور برکات حق تعالیٰ نے مجھ پر منکشف کردیئے ہیں اُن کی برکت سے اللہ تعالیٰ نے بہت سی پریشانیوں سے مجھے محفوظ رکھا- میرے رزق میں کشادگی ہوئی- اور جب میں کسی مصیبت میں پھنسا تو اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے نجات دی-
- حضرت علی کرم اللہ وجہہ جب دُعا فرماتے تو اس طرح دعا کرتے تھے-
یا کٓھٰیٰعٓصٓ یا حٰمٓ عٓسٓقٓ- اِغفِرلِیْ وَارْحَمْنِیْ-
اور فرماتے تھے جو شخص اس طرح دُعا کرے گا- انشاء اللہ اس کی دُعا قبول ہوگی- (شمس المعارف)

مؤلفِ کِی اگلی پیشکش

حزب البحر

روحانی علوم پر مشتمل ایک اثر انگیز کتاب

اِس کتاب کا مُطالعہ ضرور کریں
یہ کتاب آپ کو آپ کے مقاصدِ حسنہ
میں کامیابی سے ہمکنار ہونے کے
گُر بتائے گی

ناشر

مکتبہ روحانی دنیا، دیوبند (یو، پی) کوڈ ۲۴۷۵۵۴

مولانا حسن الہاشمی صاحب کی تصانیف
مکتبہ رُوحانی دُنیا دیو بند
MAKTABA ROOHANI DUNYA
MOHALLA ABULMALI, DEOBAND-247554 (U.P.)